2024-05-20
Hrs 08.30
HL-Opening

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں ارجمند علی خان
Music
-----------------------------

* لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں 49 سیٹوں کیلئے ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ دوپہر ایک بجے تک تقریباً 37 فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔

* اوڈیشہ اسمبلی چناؤ کے دوسرے مرحلے کیلئے بھی ووٹنگ خوش اسلوبی کے ساتھ جاری ہے۔

* پارلیمانی انتخابات کے بقیہ دو مرحلوں کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے اوڈیشہ میں روڈ شو کیا اور انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔

* ایران کے صدر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر عبداللھیان ہیلی کاپٹر گرنے کے حادثے میں مارے گئے ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت دُکھ کی اِس گھڑی میں ایران کے ساتھ ہے۔

* اور جاپان میں عالمی پیرا ایتھلیٹکس چمپئن شپ میں خواتین کے 400 میٹر ٹی ٹوینٹی مقابلے میں بھارت کی Deepthi Jeevanji نے نیا عالمی ریکارڈ قائم کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا ہے۔

Music

اب خبریں تفصیل سے---

Voting Fifth Phase

لوک سبھا انتخابات کے پانچویں مرحلے میں آج چھ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام دو علاقوں میں پھیلے 49 حلقوں میں ووٹ ڈالے جارہے ہیں۔ دوپہر ایک بجے تک تقریباً 37 فیصد پولنگ ریکارڈ کی گئی۔ اس مرحلے کے تحت اترپردیش کی 14سیٹوں، مہاراشٹر میں 13، مغربی بنگال میں 7 اور اوڈیشہ اور بہار میں5-5، جھارکھنڈ میں تین اور جموں و کشمیر اور لداخ میں ایک ایک سیٹ کے لیے پولنگ ہورہی ہے۔ ووٹنگ آج صبح سات بجے شروع ہوئی اور شام چھ بجے تک جاری رہے گی۔اِس مرحلے کی پولنگ کے سرکردہ امیدواروں میں BJP کے لیڈر اور مرکزی وزراء راجناتھ سنگھ، پیوش گوئل، اسمرتی ایرانی، کانگریس لیڈر راہل گاندھی اور کے- ایل-شرما، نیشنل کانفرنس کے عمر عبد اللہ اور LJP (رام ولاس پاسوان) کے چراغ پاسوان شامل ہیں۔انتخابی کمیشن نے پولنگ مراکز پر سبھی انتظامات کیے ہیں۔ اعلیٰ انتخابی افسران، ضلع

انتخابی افسران اور ریاستی مشینری کوان علاقوں میں جہاں شدید گرمی کے موسم کی پیش گوئی کی گئی ہے، مناسب اقدامات کرنے کا مشورہ دیا گیا ہے۔×

## Odisha Voting

اوڈیشہ میں، آج دوسرے مرحلے میں 35 اسمبلی سیٹوں کے لیے بھی پولنگ ہو رہی ہے، جس کے لیے 265 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ اس مرحلے میں اوڈیشہ کے وزیراعلیٰ اور BJD کے سربراہ نوین پٹنائک کی سیاسی قسمت کا فیصلہ ہوگا، جو ریکارڈ چھٹی مدت کے لیے چنائو لڑ رہے ہیں۔ 77 سالہ نوین پٹنائک دو اسمبلی حلقوں سے انتخاب لڑ رہے ہیں۔ پولنگ بوتھوں کی سیکورٹی کے لیے مرکزی مسلح پولیس فورسز کی بڑی نفری تعینات کی گئی ہے۔×

## PM Vote Appeal

وزیر اعظم نریندر مودی نے رائے دہندگان سے اپیل کی ہے کہ وہ آج کی پولنگ میں اپنے حق رائے دہی کا استعمال کریں اور ووٹنگ کا نیا ریکارڈ قائم کریں۔ سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے خاص طور پر خواتین اور نوجوان رائے دہندگان پر زور دیا ہے کہ وہ جمہوریت کے اِس تہوار میں اپنے آئینی حق کا استعمال کریں۔×

## Poll Campaigning

لوک سبھا انتخابات کے بقیہ دو مرحلوں کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آگئی ہے۔ مختلف پارٹیوں کے سرکردہ لیڈر اپنے اپنے امیدواروں کیلئے حمایت حاصل کرنے کی غرض سے ایک کے بعد ایک عوامی جلسے اور روڈ شو کررہے ہیں۔ وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر آج اوڈیشہ اور مغربی بنگال میں کئی ریلیوں سے خطاب کررہے ہیں۔ اوڈیشہ میں جناب مودی نے Dhenkanal اور کٹک میں عوامی جلسوں سے خطاب کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ کٹک بھارت میں سب سے قدیم شہروں میں سے ایک ہے اور یہ جدید تعلیم کا مرکز بھی ہے۔ اُنہوں نے کہاکہ یہ شہر بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بنانے کیلئے صلاحیت اور قابلیت میں اضافہ کرنے میں اہم رول ادا کرسکتا ہے۔ جناب مودی نے وعدہ کیا کہ ریاست میں اقتدار میں آنے کے بعد چاول کی فصل کی کم از کم امدادی قیمت دو ہزار 200 روپے سے بڑھا کر 3 ہزار ایک سو روپے فی کوئنٹل کی جائے گی۔ جناب مودی نے یہ بھی کہا کہ اوڈیشہ ریاست قدرتی وسائل سے مالا مال ہے، پھر بھی ریاست کے لوگوں کو غربت کا سامنا ہے۔ اُنہوں نے الزام لگایا کہ بیجو جنتادَل کے راج میں اوڈیشہ کے معدنیات اور کلچر محفوظ نہیں ہیں۔ اُنہوں نے نوین پٹنائک سرکار پر اِس بات کیلئے نکتہ چینی کی اُس نے اپنے 24 سال کے دورِ حکومت میں کسانوں اور نوجوانوں کی بہبود کیلئے کوئی قدم نہیں اُٹھایا۔

وزیراعظم نے رائے دہندگان سے اپیل کی کہ وہ اوڈیشہ میں سرکار بدلنے کی خاطر ووٹ دینے کیلئے آگے آئیں، جو ریاست کو خوشحالی کے راستے پر لاسکے۔ جناب مودی نے آج صبح پوتر شہر پوری میں دو کلو میٹر طویل روڈ شو کی بھی قیادت کی۔ بعد میں وزیراعظم مغربی بنگال میں جھارگرام اور Tamluk میں بھی عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اُدھر اوڈیشہ کے

وزیراعلیٰ اور بیجو جنتادَل کے سربراہ نوین پٹنائک آج شام ایک بڑا روڈ شو اور کئی عوامی جلسے کرنے والے ہیں۔مرکزی وزیر اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر امت شاہ نے آج ہریانہ میں کرنال میں ایک ریلی سے خطاب کیا۔ اترپردیش میں سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھیلیش یادو ڈومریاگنج، سنت کبیر نگر اور بستی میں تین عوامی جلسوں سے خطاب کرنے والے ہیں۔×

PM Interview

وزیراعظم اور بی جے پی کے سرکردہ لیڈر نریندر مودی نے الزام لگایا ہے کہ کانگریس پارٹی وقتاً فوقتاً بھارتی آئین کی توہین کرتی رہی ہے۔ ڈی ڈی نیوز کے ساتھ انٹرویو میں جناب مودی نے کہاکہ وہ ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اور آئین ساز اسمبلی کے ارکان کا بہت احترام کرتے ہیں، جنہوں نے ایک ایسا آئین مرتب کیا، جس کے ذری�ے ایک چائے بیچنے والے کو بھی وزیراعظم بننے کا موقع ملا۔اُنہوں نے کہاکہ اُن کیلئے آئین، سرکار چلانے کیلئے رہنمائی کرنے والی ایک مش�ل کی مانند ہے۔ جناب مودی نے کہاکہ اوڈیشہ، جھارکھنڈ، بہار اور بنگال جیسے ملک کے مشرقی حصے نیز مشرقی اترپردیش ملک کی ترقی میں قائدانہ رول ادا کریں گے۔ جناب مودی نے کہاکہ آج بھارت کی ناری شکتی کی طاقت میں تیزی کے ساتھ اضافہ ہورہا ہے اور وہ م�یشت کی تصویر یکسر بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ جناب مودی نے ایک خبر رساں ایجنسی کے ساتھ انٹرویو میں کہا کہ اُنہوں نے اقلیتوں کے خلاف ایک لفظ بھی نہیں کہا ہے۔ البتہ وہ بقول اُن کے کانگریس کی ووٹ بینک کی سیاست کے خلاف ہیں۔ جناب مودی نے کہاکہ بابا صاحب امبیڈکر اور پنڈت جواہر لال نہرو سمیت بھارت کا آئین تیار کرنے والوں نے یہ طے کیا تھا کہ مذہب کی بنیاد پر ریزرویشن نہیں دیا جائے گا۔×

Iran Helicoter Crash

ایران کے صدر ابراہیم رئیسی کی ہیلی کاپٹر گرنے کے ایک حادثے میں موت ہوگئی ہے۔ ایران کے سرکاری ٹی وی کے مطابق اِس حادثے میں کسی کے بھی زندہ بچ جانے کا کوئی اشارہ نہیں ملا ہے۔ اِس ہیلی کاپٹر میں ایران کے صدر رئیسی اور وہاں کے وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان جارہے تھے۔ ملک کے شمال میں شدید کہرے کے حالات میں کَل دوپہر یہ ہیلی کاپٹر اُترتے وقت حادثے کا شکار ہوگیا تھا۔ صدر ابراہیم رئیسی، آذربائیجان کے دورے کے ب�د ایران واپس آرہے تھے، جب یہ ہیلی کاپٹر حادثے کا شکار ہوا۔×

PM Iran Prez

وزیراعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ اُنہیں ایران کے صدر ڈاکٹر سید ابراہیم رئیسی کی المناک موت پر بہت دُکھ اور صدمہ پہنچا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب مودی نے کہاکہ بھارت-ایران باہمی ت�لقات کو مستحکم کرنے میں ڈاکٹر رئیسی کے رول کو ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ وزیراعظم نے کہا کہ دُکھ کی اِس گھڑی میں بھارت، ایران کے ساتھ ہے۔

وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے بھی ہیلی کاپٹر گرنے کے حادثے میں ایران کے صدر ڈاکٹر ابراہیم رئیسی اور وزیر خارجہ حسین امیر عبداللہیان کے انتقال پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ت�زیتی پیغام میں ڈاکٹر جے شنکر نے کہا کہ اُنہیں اِس حادثے کے بارے میں سن کر بہت

دُکھ ہوا ہے۔ ڈاکٹر جے شنکر نے ایران کے اِن رہنماؤں کے ساتھ اپنی ملاقات، خاص طور پر اِس سال جنوری میں اپنی میٹنگ کا تذکرہ بھی کیا۔×

## IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمہ نے آئندہ چار دنوں کے دوران شمال مغربی، مشرقی اور وسطی بھارت کے میدانی علاقوں میں شدید گرمی کیلئے ریڈ الرٹ جاری کیا ہے۔ IMD نے کہا ہے کہ دلّی، ہریانہ، پنجاب، راجستھان،اترپردیش اور بہار میں گرمی کا زور جاری رہنے کا قوی امکان ہے۔

کَل دلّی کے نجف گڑھ میں ملک کا سب سے زیادہ درجہ حرارت 47 اعشاریہ آٹھ ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات نے کہا ہے کہ جنوب مغربی مانسون مالدیپ اور Comorin کے علاقے، جنوبی خلیج بنگال، نکوبار جزائر اور جنوبی بحیرہ انڈمان کے کچھ حصوں میں پہنچ گیا ہے۔x

## Noida School Closed

اترپردیش میں شدید گرمی کے تناظر میں غازی آباد اور نوئیڈا میں نرسری سے لے کر آٹھویں کلاس تک اسکول کلاسیں بند کردی گئی ہیں۔ نوئیڈا میں اسکول مزید احکامات جاری ہونے تک بند رہیں گے، جبکہ غازی آباد میں اسکول اِس مہینے کی 25 تاریخ تک بند رکھے جانے کا اعلان کیا گیا ہے۔×

## Deepthi Gold World Para Athletics

آج جاپان کے Kobe میں عالمی پیرا ایتھلیٹس چمپئن شپ میں 20 سالہ Deepthi Jeevanji نے خواتین کے 400 میٹر T20 مقابلے میں عالمی ریکارڈ توڑتے ہوئے اپنا پہلا سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

Deepthi نے امریکہ کی Breanna Clark کا اِس سے پہلے کا 55 اعشاریہ 12 سیکنڈس کا عالمی ریکارڈ جو کہ انھوں نے گزشتہ برس پیرس میں اِس چمپئن شپ کے دوران قائم کیا تھا، اُسے توڑتے ہوئے 55 اعشاریہ صفر سات سیکنڈس میں یہ دوڑ مکمل کی۔ T20 کا زمرہ اُن ایتھلیٹس کے لیے ہوتا ہے، جو ذہنی اعتبار سے معذور ہیں۔

ترکی کی Aysel Onder 55 اعشاریہ 19 سیکنڈس کے ساتھ دوسرے مقام پر جبکہ Ecuador کی Lizanshela Angulo چھپّن اعشاریہ چھ آٹھ سیکنڈ کے ساتھ تیسرے مقام پر رہیں۔

مردوں کے ڈِسکس تھرو کے مقابلے میں بھارت کے یوگیش Kathuniya نے چاندی کا تمغہ جیتا۔ بھارت نے اب تک اِس چمپئن شپ میں کُل چار تمغے جیتے ہیں، جن میں سونے کا ایک، چاندی کے دو اور کانسے کا ایک تمغہ شامل ہے۔x

## IPL Cricket

IPL کرکٹ میں  گل رات گوہاٹی کے Baraspara کرکٹ اسٹیڈیم میں راجستھان رائلز اور کولکاتا نائٹ رائڈرس کے درمیان میچ بارش کی وجہ سے منسوخ کردیا گیا۔دونوں ٹیموں کے درمیان میچ نہ ہونے کی وجہ سے راجستھان رائلز کی ٹیم پوائنٹس ٹیبل میں تیسرے نمبر پر ہے اور اب پلے آف میں اس کا ایلیمینٹر میں مقابلہ رائل چیلنچرزبنگلورو سے ہوگا۔

دوسری جانب گل احمدآباد میں پہلے کوالیفائر مقابلے میں سن رائزرس حیدرآباد کا مقابلہ کولکاتہ نائٹ رائڈرس سے ہوگا۔ اِس سے قبل گل رات حیدرآباد کے راجیو گاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں سن رائزرس حیدرآباد نے پنجاب کنگز کو چار وکٹ سے ہرادیا۔ x